قرآن سب کے لیے، ہر دل میں، ہر ہاتھ میں

# الھدیٰ نیوز لیٹر

اکتوبر 2023 تا جنوری 2024 ، ربیع الثانی تا رجب 1445ھ | شمارہ 24

قرآن وسنت کی تعلیم اور معاشرتی فلاح و بہبود کی سرگرمیوں کے ذریعے انسانیت کی خدمت جو دنیا میں امن اور آخرت میں کامیابی حاصل کرنے کا باعث ہے

اخلاص　امانت وصداقت　صبر واستقامت　خیر خواہی　لگن　نظم وضبط　عزت واحترام

**حمد وثنا**

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِین، لَا إِلٰہَ إِلَّا ھُوَ الْمَلِكُ الْحَقُّ الْمُبِیْن، خَلَقَ فَسَوّٰی وَقَدَّرَ فَھَدٰی، وَشَرَعَ فَأَحْكَمَ، لَهُ الأَسْمَاءُ الْحُسْنٰی وَالصِّفَاتُ الْعُلٰی،

(لَيْسَ كَمِثْلِهِ شَيْءٌ وَهُوَ السَّمِيعُ الْبَصِيرُ) [الشوریٰ: 11]

تمام تعریفیں اللہ کے لیے ہیں جو تمام جہانوں کا رب ہے، اس کے سوا کوئی معبودِ برحق نہیں، وہی بادشاہ برحق ہے، حق کو بیان کرنے والا ہے،

اس نے پیدا کیا پھر اس نے درست بنایا اور تقدیر مقرر کی پھر اس نے ہدایت دی، اور شریعت اتاری تو احکام کو مستحکم بنایا، اسی کے لیے اچھے نام اور بلند صفات ہیں۔

"اس کی مانند کوئی چیز نہیں اور وہ خوب سننے والا، خوب دیکھنے والا ہے۔"

## محبتوں کو ختم کرنے والے اعمال

محبت اللہ سبحانہ وتعالی کی ایک بہت بڑی نعمت ہے۔ ہمارا دین ہمیں تمام مخلوقات اور معاشرے کے تمام طبقات کے ساتھ حسن خلق اور محبت کا درس دیتا ہے۔

اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: "اور اللہ کی عبادت کرو اس کے ساتھ کسی چیز کو شریک نہ بناؤ اور والدین کے ساتھ احسان کرو اور رشتہ داروں اور یتیموں اور مسکینوں اور رشتہ دار پڑوسی اور اجنبی پڑوسی اور پہلو کے ساتھی اور مسافر اور تمہارے دائیں ہاتھ جن کے مالک ہوئے (یعنی لونڈی غلام) کے ساتھ (حسن سلوک کرو) بے شک اللہ کسی خود پسند، بہت فخر کرنے والے سے محبت نہیں کرتا۔" [النساء: 36]

مومنین کی آپس کی محبت ایمان کی نشانی ہے اور جنت میں داخلہ اسی سے مشروط ہے۔ یہ محبت ایمان کو کامل اور مضبوط بناتی ہے۔

آپ ﷺ نے فرمایا: "مومن سراپا الفت ہے اور اس شخص میں کوئی خیر نہیں جو نہ محبت کرتا ہے اور نہ محبت کیا جاتا ہے۔" [مسند احمد: 9198]

ہمارا دین ہمیں نہ صرف محبت کرنے کے انداز اور طور طریقے سکھاتا ہے، بلکہ ان اعمال کی نشاندہی بھی کرتا ہے جو محبتوں کو ختم کرنے، رشتوں کو توڑنے اور دوستوں کے درمیان بدمزگی کا باعث بنتے ہیں۔ اس ضمن میں کچھ بنیادی اصول ہمیشہ یاد رکھیں:

- دوسروں کو معاف نہ کرنا اور ان کی غلطیوں سے درگزر نہ کرنا رنجشوں کو بڑھاتا اور محبتوں کو ختم کرتا ہے۔ دوسروں کے عیبوں اور خامیوں سے چشم پوشی کیجیے اور بدگمانی سے بچیے۔
- بدکلامی اور بداخلاقی محبتوں کے لیے زہر قاتل ہیں۔ بدتمیزی، تحکم اور تکبر بھرا انداز محبتوں کو ختم کرتا ہے۔
- محبتوں کو قائم رکھنے کے لیے غیبت جیسی مہلک بیماری سے بچیے۔ بہتان تراشی، تجسس اور ٹوہ لگانا بھی محبتوں کو ختم کرنے والے کام ہیں، ان سے ہر ممکن احتراز کیجیے۔
- حسد جیسے نیکیوں کو کھا جاتا ہے اس طرح رشتوں اور محبتوں کو بھی کھوکھلا کر دیتا ہے۔ اسی طرح بغض اور کینہ بھی نفرت پیدا کرنے کا باعث ہیں۔
- دوسروں کو حقیر نہ سمجھیں اور نہ ہی ان کی عزت نفس کو مجروح کریں۔
- دوسروں کو برے القاب اور برے ناموں سے ہرگز نہ پکاریں۔

یاد رکھیے! اللہ تعالیٰ کی خاطر ایک دوسرے سے محبت کرنا ایمان کو مکمل کرتا ہے۔ اس لیے محبتوں کو ختم کرنے والے اعمال سے ہر ممکن بچیں۔ اللہ سبحانہ وتعالی سے دعا کریں کہ وہ ہمیں ایک دوسرے کی محبتوں سے سیراب کر دے۔ آمین

ڈاکٹر فرحت ہاشمی



# ایڈیٹر نوٹ

معزز قارئین! السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

آپ سب کے لیے دلی دعا ہے کہ نیا سال سب کے لیے خیر و برکت اور دنیا و آخرت میں بھلائی کا باعث ہو۔ آمین۔ اس سال کا آغاز اس سوچ اور عزم کے ساتھ کیجئے کہ مومن کا ہر اگلا دن اس کے آنے والے دن سے بہتر ہونا چاہیئے۔ نیوز لیٹر کا تازہ شمارہ آپ کے پیش نظر ہے۔ سب سے خوش کن خبر تو یہ ہے کہ استاذہ محترمہ ڈاکٹر فرحت ہاشمی صاحبہ نومبر میں کینیڈا سے اسلام آباد تشریف لائیں اور مین کیمپس سے براہ راست صحیح البخاری، فقہ القلوب کے ایمان افروز علمی سیشنز اور دیگر امور میں راہ نمائی کے سلسلے کا آغاز ہوا ۲۳ دسمبر کو ہونے والے قرآن وحدیث کے تکمیل پروگرام میں شرکت کے بعد کاروان علم ان کی سربراہی میں پاکستان کے دوسرے شہروں کی طرف قرآن ہر دل اور ہر ہاتھ تک پہنچانے کے مشن پر روانہ ہوا۔

"دے جزا اللہ تو اس باغبان علم کو جس نے غنچوں کو کھلایا اور گل تر کر دیا"۔

الھدیٰ کی دیگر سرگرمیاں حسب معمول جاری رہیں، جن میں نئی کلاسز کی ابتدا، اسٹاف ٹریننگز، ابلاغ عامہ اور فلاحی کام شامل ہیں۔ الھدیٰ اپنے مشن کے مطابق قرآن مجید کی تعلیم و تدریس کے لیے اساتذہ اور طالبات کو ہر طرح کی سہولیات فراہم کرتا ہے۔ اسی سلسلے میں نئے سولر سسٹم کی تنصیب اور مین ہال، کلاسز اور آفسز میں قالین تبدیل کیے گئے۔ اس کے لیے ہمارے کرم فرماؤں کی مالی معاونت اور اسٹاف کی محنت قابل تحسین ہے۔ ہم ان سب کے لیے جزائے خیر کی خصوصی دعا کرتے ہیں جو پس پردہ رہ کر ہم سب کے لیے آسانیاں فراہم کرتے ہیں۔

اللہ تعالیٰ دین کے راستے میں سب کی کوششیں قبول فرمائے اور اس ادارے اور استاذہ ڈاکٹر فرحت ہاشمی کے مشن کو باعث خیر و برکت بنائے۔ آمین

طاہرہ خان

# علم کی شمع سے ہو مجھ کو محبت یا ربّ

## تکمیل قرآن اور کانووکیشن تقریبات

### اسلام آباد تکمیل قرآن

23 دسمبر 2023 کو الھدیٰ انسٹیٹیوٹ اسلام آباد میں قرآن وحدیث کورسز کی تکمیل کے موقع پر ایک پروقار تقریب "قرآناً عجباً" کے عنوان سے منعقد ہوئی۔ مکمل ہونے والے کورسز میں تعلیم القرآن 1، تعلیم القرآن 3، تعلیم الحدیث، تدبر القرآن، تعلیم التجوید (تین لیولز)، علم التجوید و التفسیر ہفتہ وار (تین لیولز) علم التجوید ایوننگ آن لائن (تین لیولز)، فہم القرآن اردو، تفسیر القرآن انگلش، تحفیظ القرآن، تعلیم القراءات العشریٰ الصغریٰ اور حفظ البقرہ کورس شامل تھے۔

پروگرام کا باقاعدہ آغاز تلاوتِ قرآن مجید سے کیا گیا۔ تمام کورسز کی طالبات نے اپنے تاثرات میں بتایا کہ کس طرح قرآن وحدیث کی تعلیم کا یہ سفر ان کے لیے ہدایت کا باعث بنا۔ آخر میں انسٹیٹیوٹ ڈائریکٹر محترمہ زبیدہ عزیز صاحبہ نے اظہار تشکر کے کلمات ادا کیے اور طالبات کو نصیحت کی۔ اللہ تعالیٰ ہماری ان کاوشوں کو اپنی بارگاہ میں قبول و منظور فرمائے اور ہمیں صحیح معنوں میں عمل کرنے کی توفیق عطا فرمائے آمین۔



### لاہور کانووکیشن



27 دسمبر 2023 کو ایوان اقبال کمپلیکس لاہور میں کانووکیشن کی پروقار تقریب منعقد ہوئی۔ تکمیل پانے والے کورسز میں تعلیم القرآن، تعلیم دین، تعلیم الحدیث اور صوت القرآن شامل ہیں۔ تقریب کی مہمان خصوصی استاذہ محترمہ ڈاکٹر فرحت ہاشمی صاحبہ تھیں۔ اس تقریب کا عنوان "فکر آخرت" تھا۔ طالبات نے اپنے تاثرات پیش کیے۔ اس موقع پر بچوں نے "روز قیامت پوچھے جانے والے پانچ سوالات" کے موضوع پر خوبصورت پروگرام پیش کیا۔ تقریب کے آخر میں استاذہ محترمہ نے کامیاب ہونے والی طالبات، اساتذہ اور معاونین کو مبارک باد اور آخرت کے موضوع پر بہت پر اثر درس دیا۔

### کراچی کانووکیشن

11 جنوری 2024 کو کراچی ریجن کے سولھویں کانووکیشن کے موقع پر ایک پر وقار تقریب منعقد ہوئی۔ استاذہ ڈاکٹر فرحت ہاشمی نے اس تقریب کو رونق بخشی اور صحیح البخاری سے "کتاب التوحید" کی کچھ احادیث پڑھائیں۔ اس موقع پر پروفیسر راشدہ ارتفاق جن کا تعلق شعبہ تعلیم سے ہے، کو بحیثیت مہمان خصوصی مدعو کیا گیا تھا۔ ریجنل کوآرڈینیٹر نیلوفر جمیل نے تقریب کے شرکا کو خوش آمدید کہا اور ریجن کی تمام برانچز میں ہونے والے کورسز کے بارے میں بتایا۔ طالبات نے اپنے تاثرات بہت عمدہ انداز میں پیش کیے۔ پروفیسر راشدہ صاحبہ نے طالبات کی کاوشوں کو سراہا اور نصیحت کی کہ اس علم کو پھیلائیں تاکہ پاکستان صحیح معنوں میں ایک فلاحی ریاست بن سکے۔ مختلف کورسز کی 630 طالبات نے اسناد وصول کیں اور استاذہ ڈاکٹر فرحت ہاشمی صاحبہ نے نمایاں پوزیشن حاصل کرنے والی طالبات کو انعامات دیے۔



علم کی شمع سے ہو مجھ کو محبت یا ربّ



# کاروان علم ہے رواں دواں

19 نومبر 2023 کو استاذہ محترمہ اور استاذ ڈاکٹر ادریس زبیر کینیڈا سے پاکستان تشریف لائے۔ استاذہ محترمہ نے الھدیٰ انسٹی ٹیوٹ اسلام آباد میں صحیح البخاری، فقہ القلوب کی کلاسز کو جاری رکھا 23 دسمبر 2023 سے لاہور کی جانب روانہ ہوئیں۔ مختلف شہروں میں ان کے دروس کی تفصیلات درج ذیل ہیں:

10 دسمبر 2023 (صبح) لیکچر "جنت کا بیان اور اس میں لے جانے والے اعمال" حویلی مارکی، اسلام آباد

20 دسمبر 2023 (دوپہر) آل سٹاف میٹنگ، اسلام آباد

23 دسمبر 2023 تکمیل قرآن پروگرام الھدیٰ انسٹیٹیوٹ اسلام آباد

24 دسمبر 2023 (دوپہر) لیکچر "حسن اخلاق" نیشنل ماڈل سکول، شیخوپورہ

25 دسمبر 2023 (شام) لیکچر "صبر کیسے کریں" ساہیوال آرٹس کونسل (جناح ہال)، ساہیوال

26 دسمبر 2023 (صبح) لیکچر "صلہ رحمی کے فائدے" نعمت لان، اوکاڑہ

27 دسمبر 2023 (صبح) کانووکیشن تقریب، لیکچر "فکر آخرت" ایوان اقبال، لاہور

28 دسمبر 2023 سے 6 جنوری صحیح البخاری، ایوان اقبال لاہور

29 دسمبر 2023 فقہ القلوب، ڈی ایچ اے لاہور

31 دسمبر 2023 لیکچر "زندگی کا مقصد"، شاہی محل مارکی، گوجرانوالہ

1 جنوری 2024 لیکچر "اصلاح نفس اور اعمال صالح"، لاہور کینٹ

3 جنوری 2024 لیکچر "تجدید ایمان کی مسنون دعائیں" وسٹا ہاسپٹلٹی ان، بحریہ ٹاؤن لاہور

7 جنوری 2024 الھدیٰ انٹرنیشنل سکول فیصل آباد نئے کیمپس کی بنیاد رکھنے کے موقع پر دعا

9 جنوری 2024 (صبح) نارتھ ناظم آباد انسٹیٹیوٹ تکمیل، "ہمارا مقصد حیات" گولڈن گارڈن بنکوئٹ، نارتھ ناظم آباد کراچی

9 جنوری 2024 "نارتھ ناظم آباد، عائشہ منزل، حیدرآباد ریجن، سراج الدولہ برانچ کے ساتھ آل سٹاف میٹنگ" کراچی



9 جنوری 2024 "ام شمس" اکیڈمی کا وزٹ

9 جنوری 2024 سراج الدولہ برانچ کی طالبات کے ساتھ میٹنگ

10 جنوری 2024 (صبح) صحیح البخاری، کتاب التوحید، خواتین کلب انسٹیٹیوٹ کراچی، سٹاف میٹنگ

10 جنوری 2024 فہمیدہ میمن ہاسٹل کا وزٹ

11 جنوری 2024 کانووکیشن، صحیح البخاری، کتاب التوحید DHA انسٹیٹوٹ کراچی

12 جنوری 2024 فقہ القلوب DHA انسٹیٹوٹ کراچی

13 جنوی 2024 (صبح) "اللہ کی محبت پانے کا طریقہ" ایورلش بینکویٹ حیدرآباد

15 جنوری 2024 (صبح) صحیح البخاری، کتاب التوحید DHA انسٹیٹیوٹ کراچی

16 جنوری 2024 صحیح البخاری، کتاب التوحید DHA انسٹیٹیوٹ کراچی

17 اور 18 جنوری 2024، صحیح البخاری، کتاب التوحید اسلام آباد انسٹیٹیوٹ

19 جنوری 2024، فقہ القلوب اسلام آباد انسٹیٹیوٹ

استاذہ ڈاکٹر فرحت ہاشمی صاحبہ 20 جنوری 2024 کو کینیڈا واپس تشریف لے گئیں اور وہاں سے مسلسل تعلیمی سرگرمیاں کو جاری رکھے ہوئے ہیں جس کی تفصیل درج ذیل ہے:

صحیح البخاری: کتاب التوحید پڑھایا جا رہا ہے۔

تدبر القرآن: جز 20 سورۃ القصص پڑھائی جا رہی ہے۔

فقہ القلوب: فقہ العلم والعمل کا باب پڑھایا جا رہا ہے۔

اخلاق حملۃ القرآن: سبق 33 تک پڑھایا جا چکا ہے۔

تفسیر القرآن: سورۃ یونس (آیت 22-14) تک پڑھایا جا چکا ہے۔



# علم کی شمع سے ہو مجھ کو محبت یا ربّ

## نئے سولر سسٹم کی تنصیب

الھدیٰ بلڈنگ اسلام آباد میں پرانے سولر سسٹم کی محدود پروڈکشن اور ادارے کی بجلی کی بڑھتی ہوئی ضروریات کے پیشِ نظر ایڈمن ڈیپارٹمنٹ نے الھدیٰ کے کرم فرماؤں کے تعاون سے ماہرین کی نگرانی میں نئے سولر سسٹم کو نصب کیا ہے۔ پرانے سسٹم کی گنجائش 115 کلوواٹ تھی جبکہ نئے سسٹم کے ساتھ مل کر مکمل گنجائش تقریباً300 کلوواٹ ہوگئی ہے۔ ایڈمن اسٹاف نے اس مشکل کام کو کم سے کم وقت میں مکمل کیا اور اسسٹم کے بارے میں آگہی بھی فراہم کی۔




## اسٹاف ٹریننگ

ہیومن ریسورس ڈیپارٹمنٹ الھدیٰ اسلام آباد کے تحت اسٹاف کے لئے ، "رحماءُبینھم" عنوان کے تحت ایک تربیتی سیشنز کا اہتمام کیا گیا۔ جس میں قرآن کی روشنی میں باہمی تعلقات کی اہمیت، اقبال کا تصور مومن، آفس مینجمینٹ ،ٹیم ورک ،گفتگو کے آداب، اورشخصیت کی تعمیر پر لیکچرز دیے گئے ۔ایمرجنسی (فائر یازلزلہ) کے موقع پر مختلف ڈیپارٹمنٹس کے اسٹاف کی ذمہ داریوں کے بارے میں آگہی فراہم کی گئی۔

## دعوۃ الی الجنۃ

الھدیٰ نائجیریا کی آن لائن طالبات اور سٹاف نے اسلام کی ترویج و اشاعت کے لیے ایک پروجیکٹ "دعوۃ الی الجنۃ" شروع کیا ہے۔ اس کے لیے وہ خود فنڈز جمع کر کے خیر کے کاموں میں استعمال کرتی ہیں۔ حال ہی میں ایک طالبہ کی وفات کے بعد انہوں نے صدقہ جاریہ کے طور پر چھ کنویں کھدوائے۔ نیز بے گھر فلسطینیوں کے لیے کھانے کا انتظام کیا گیا۔

## قالینوں کی تبدیلی

الھدیٰ تعلیم وتدریس کے عمل کو موثر اور آسان بنانے کے لئے طالبات کو زیادہ سے زیادہ سہولیات فراہم کرنے اور ماحول کو خوشگوار بنانے میں کوشاں رہتا ہے۔ اسی سلسلے میں مین ہال اور کلاس رومز کو آرام دہ بنانے کے لئے پرانے قالینوں کی تبدیلی کا منصوبہ بنایا گیا۔ یہ ایک بہت بڑا پروجیکٹ تھا جس کے لئے بجٹ اور محنت دونوں کی ضرورت تھی۔ کورس جاری رکھنے کے لئے دو ہفتے تک کلاسز آن لائن ہوتی رہیں۔ نہ صرف کلاس رومز بلکہ آفسز میں بھی صفائی ، پینٹ اور قالینوں کا کام کیا گیا۔ الحمدللہ سب لوگوں کے مالی تعاون اور ایڈمن اسٹاف (میل اور فیمیل) کی دن رات محنت سے یہ کام کم سے کم وقت میں مکمل کیا گیا۔







# امام بخاری رحمہ اللہ

**نام ونسب:** کنیت ابوعبداللہ، نام محمد بن اسماعیل بن ابراہیم بن مغیرہ بن بردزبہ جعفی بخاری تھا۔ آپ کو آپ کے جداعلیٰ کی نسبت ولا سے جعفی کہا جاتا ہے نیز بخارا میں پیدا ہونے کی وجہ سے بخاری کہلائے۔

**پیدائش:** امام بخاریؒ 13 شوال 194ھ جمعہ کے دن بخارا میں پیدا ہوئے۔ آپؒ ابھی کم سن ہی تھے کہ شفیق باپ کا سایہ سر سے اٹھ گیا، اس کے بعد ان کی ماں نے امام بخاریؒ کی پرورش شروع کی اور تعلیم وتربیت کا اہتمام کیا۔ حضرت احمد بن حفصؒ نے کہا کہ میں حضرت اسمٰعیلؒ کے پاس ''ان کی موت کے وقت'' گیا جو امام بخاریؒ کے والد تھے انہوں نے کہا میں نہیں سمجھتا میرے مال میں کوئی روپیہ حرام یا شبہ کا ہو (یعنی آپؒ کی پرورش حلال مال سے ہوئی)۔

**علمی سفر:** امام بخاری رحمہ اللہ نے اپنی عمر کے سولھویں برس تک اپنے ہی ملک کے اساتذہ سے علم حاصل کیا۔ اس کے بعد طلب حدیث میں دو مرتبہ شام اور مصر کا دورہ کیا۔ چار مرتبہ بصرہ گئے۔ کئی مرتبہ کوفہ اور بغداد کا سفر کیا۔ علاوہ ازیں بلخ، سمرقند، نیشاپور، رے، بغداد، مکہ، مدینہ، واسط، عسقلان اور حمص کا سفر کیا۔

**ذہانت:** اللہ تعالی نے امام بخاری رحمہ اللہ کو ذہن رسا اور قوی حافظہ عطا فرمایا تھا چنانچہ آپ نے اسناد سمیت لاکھوں احادیث یاد کر رکھی تھیں۔ آپ کا اپنا بیان ہے: مجھے ایک لاکھ صحیح احادیث اور دو لاکھ غیر صحیح احادیث یاد ہیں۔ بلکہ آپ فرماتے ہیں کہ سند میں کوئی تابعی ہو یا صحابی، میں ان کی ولادت، جائے پیدائش اور سن وفات الغرض سب کچھ جانتا ہوں۔ ایک دفعہ امام بخاری رحمہ اللہ کے سامنے کسی نے ان کے شیخ امام اسحاق بن راہویہ رحمہ اللہ کا یہ قول پیش کیا: میں اپنی کتاب میں ستر ہزار احادیث کو دیکھتا ہوں۔ یہ سن کر امام بخاری رحمہ اللہ نے فرمایا: شاید اس زمانے میں کوئی ایسا شخص بھی ہو جو دو لاکھ احادیث اپنی کتابوں میں دیکھتا ہو۔

امام بخاری رحمہ اللہ نے اگرچہ اپنا نام نہیں لیا لیکن ان کی مراد اپنے نفس کی طرف اشارہ کرنا تھا۔

**تالیفات:** امام بخاری رحمہ اللہ نے متعدد تالیفات کی صورت میں اپنا علمی ترکہ امت کے حوالے کیا، جن میں سب سے اہم تالیف صحیح البخاری ہے۔ کتب احادیث میں جو مرتبہ اور مقام صحیح البخاری کو حاصل ہے وہ کسی اور کتاب کو نہیں مل سکا۔ محدثین کرام کا یہ مقولہ مشہور ہے کہ اللہ تعالیٰ کی کتاب کے بعد صحیح ترین کتاب صحیح البخاری ہے۔ اس کے علاوہ بھی آپ نے بہت سی کتب تالیف کیں جن میں سے چند کے نام یہ ہیں۔ الجامع الکبیر، المسند الکبیر، کتاب الھبۃ، بر الوالدین، کتاب الضعفاء، الادب المفرد وغیرہ

**امام بخاری رحمہ اللہ کے مشہور مشائخ کرام:** اسحاق بن راھویہ، علی بن المدینی، ضحاک بن مخلد، عبیداللہ بن موسیٰ عبسی، عبدالقدوس بن حجاج خولانی، محمد بن عبداللہ انصاری رحمہم اللہ

**امام بخاری کے مشہور شاگرد:** امام ترمذی، امام مسلم، ابراھیم بن اسحاق الحری، محمد بن احمد دولابی رحمہم اللہ

**وفات:** آپ 30 رمضان 256ھ عید الفطر کی رات 62 سال کی عمر میں اس دنیا سے رحلت فرما گئے، آپ کو عید ہی کے روز "خرتنگ" نامی بستی میں جو سمرقند سے کچھ فاصلے پر ہے، دفن کیا گیا۔

عیشہ حبیب

# خدمت خلق

Al-Huda Cares!

## سوشل ویلفیئر سروسز

- تعلیمی امداد 504 افرادمستفید ہوئے
- مالی امداد 387 افرادمستفید ہوئے
- ماہانہ راشن 17970 افرادمستفید ہوئے
- طبی امداد 338 افرادمستفید ہوئے
- میڈیکل کیمپس 2988 افرادمستفید ہوئے
- امداد برائے روزگار 24 افرادمستفید ہوئے
- میرج بیورو 312 رشتے ہوئے
- امداد برائے شادی 58 افرادمستفید ہوئے
- غسل میت/کفن ٹریننگ 437/161
- الھدیٰ دسترخوان 20413 افرادمستفید ہوئے
- ووکیشنل سنٹر 585 افرادمستفید ہوئے
- قرض حسنہ 1 فرد

## سوشل ویلفیئر پروجیکٹس

- فراہمی آب 5936 افرادمستفید ہوئے
- سردی سے بچاؤ مہم 4800 پیکس
- آبادکاری 150 افرادمستفید ہوئے
- شجرکاری 74 درخت لگائے
- مساجد کی تعمیر 1







## سردی سے بچاؤ مہم

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

"... جو کسی مسلمان سے اس کی تکلیف دور کرتا ہے، اللہ تعالیٰ اس سے قیامت کی تکلیفوں میں سے ایک تکلیف دور کرتا ہے..."[صحیح مسلم: 6578]

موسم سرما کی شدت میں کسی مستحق شخص کی صرف 3900 روپے (1.5$) سے مدد کریں۔ ایک پیکٹ میں مندرجہ ذیل اشیاء شامل ہیں:

ایک لحاف      آٹے کا ایک تھیلا

**A/C Title:** Al-Huda International Welfare Foundation

A/C # 0104693141(Rupee)

**IBAN AC #** PK75 MEZN 0003 1601 0469 3141

**Branch Code:** 0316, Swift Code: MEZNPKKAGRD

Meezan Bank Ltd, E-11 branch Islamabad

**Donate Online:** https://www.alhudapk.com/donate.html

## مویشی جانوروں سے ذریعہ معاش

الھدیٰ حیدرآباد ریجن نے کچھ عرصہ قبل "جانوروں سے ذریعہ معاش" پراجیکٹ شروع کیا، جس میں غریب، محتاج، اور بے روزگار مردوں اور عورتوں میں بکریاں تقسیم کی گئیں۔ پراجیکٹ کا مقصد دودھ کی فراہمی کے ذریعے غریب خاندانوں کو معاشی سہولت اور بہتر غذایت کا ذریعہ فراہم کرنا ہے۔



Al Huda International Welfare Foundation
Hyderabad Region

A/C Title: Al-Huda International Welfare Foundation

**A/C#** 99740108303792(Rupee)

**IBAN AC#** PK05MEZN0099740108303792

**Branch Code:** 9974 , **Swift Code:** MEZNPKKAGRD

Meezan Bank Ltd. Nishat Branch, Karachi

**Donate Online:** https://www.alhudapk.com/donate.html

# سٹوڈنٹس کارنر

## تبصرہ کتاب

### "المنظومة البيقونية"




امام شعبی رحمہ اللہ سے پوچھا گیا: آپ کو علم (حدیث) کیسے ملا؟ انہوں نے کہا: کسی پر سہارا نہیں کیا۔ مختلف شہروں میں علما سے مستفید ہونے کے لیے گیا، پہاڑ کی طرح صبر کیا اور کوّے کی طرح صبح سویرے جاگا۔ علمِ حدیث کی جستجو اور شوق رکھنے والوں کے لیے الھدیٰ پبلی کیشنز نے کتاب "المنظومة البيقونية" شائع کی ہے۔ یہ کتاب علم حدیث کی مختلف اصطلاحات کو نایاب اشعار کی صورت میں بیان کرتی ہے۔ ان احادیث کو گیارہویں صدی کے عالم طٰہ بن محمد بیقونی رحمہ اللہ نے مرتب کیا۔ حال ہی میں محترم استاذ ڈاکٹر ادریس زبیر نے لاہور ریجن کی طالبات کو اس کا ایک کورس مکمل کروایا۔




## الھدیٰ کی نئی مطبوعات




## اناللہ وانا الیہ راجعون

خاک میں کیا صورتیں ہوں گی کہ پنہاں ہوگئیں

- سوشل میڈیا کورسز ڈیپارٹمنٹ کی سٹاف ممبر یسریٰ ارشد قضائے الٰہی سے وفات پاگئیں وہ بہت محنت اور لگن سے اپنی خدمات انجام دیتی رہیں۔
- الھدیٰ نواں شہر برانچ کے محسن حاجی گوہر رحمان صاحب قضائے الٰہی سے وفات پاگئے۔
- الھدیٰ انسٹیٹیوٹ فارمین کے جواں سال طالب علم عدیم احمد چوہدری حادثہ میں وفات پاگئے۔
- الھدیٰ اسلام آباد آئی ٹی ڈیپارٹمنٹ کے سٹاف ممبر رضوان زاہد صاحب 28 جنوری 2024 کی رات کو کار کے حادثے میں وفات پاگئے۔ وہ 2016 سے الھدیٰ میں بطور اسسٹنٹ نیٹ ورک ایڈمنسٹریٹر کام کر رہے تھے اور بہت محنتی، ذمہ دار اور با اخلاق انسان تھے۔

اللہ تعالیٰ ان سب کی مغفرت فرمائے اور ان کی نیکیوں کو قبول فرما کر اپنی رحمت سے جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے۔ آمین

الھدیٰ انٹرنیشنل ویلفیئر فاؤنڈیشن
اسلام آباد: 7-اے کے بروہی روڈ H-11/4
فون: 9-4866125 51 92+ | ای میل: info@alhudapk.com
کراچی: 59E خیابانِ سحر، فیز 6، ڈی ایچ اے | فون: 8-35171136 21 92+
ای میل: reg.office.khi@alhudapk.com
www.farhathashmi.com | www.alhudapk.com

ایڈیٹوریل ٹیم
سرپرست اعلیٰ: ڈاکٹر فرحت ہاشمی　　مینیجنگ ایڈیٹر: ڈاکٹر فردوس روحی
ایڈیٹر: طاہرہ خان　　گرافک ڈیزائنر اینڈ کمپوزر: مریم مظہر
پروف ریڈرز: رفقہ اصغر، فرخ چوہدری، زبیدہ عزیز، یاسمین خاکوانی